الطاف حسین کی اسفندیار ولی خان سے ان کے بھائی سنگین خان کے انتقال پر ٹیلی فون پر تعزیت

لندن۔۔۔28، جون 2008ء

ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفندیار ولی خان کے بھائی سنگین ولی خان کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔ ہفتہ کے روز جناب الطاف حسین نے اسفندیار ولی کی رہائش گاہ چارسدہ فون کر کے ان کے بھائی سنگین ولی خان کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے اسفندیار ولی سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے بھائی کے انتقال کی خبر سن کر مجھے دلی صدمہ ہوا ہے اور اپنے بھائی کے انتقال سے آپ غم کی جس کیفیت سے گزر رہے ہیں میں اس کا اندازہ کر سکتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سنگین ولی خان مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، انکی مغفرت کرے اور تمام سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) اسفندیار ولی نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ اور آپ کے ذمہ داران نے ہمارے غم کو محسوس کیا اور ہم سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے جس پر میں اپنی اور اپنے خاندان کی جانب سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

نثار کھوڑو کی الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو
الطاف حسین کی ماموں زاد بہن کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔28، جون 2008ء

سندھ اسمبلی کے اسپیکر نثار احمد کھوڑو نے ٹیلی فون پر ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ان کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ہفتہ کے روز جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ کی بہن کے انتقال پر دلی افسوس ہوا ہے۔ انہوں نے مرحومہ کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے تعزیت کرنے پر نثار کھوڑو کا شکریہ ادا کیا۔

الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کا سوئم کل بروز اتوار کو ہوگا
نماز عصر مدینہ مسجد گلشن اقبال میں مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی

کراچی۔۔۔28، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ مرحومہ کا سوئم کل بروز اتوار کو مدینہ مسجد گلشن اقبال بلاک G-13 میں بعد نماز عصر تا مغرب ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی۔ خواتین کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا انتظام مرحومہ کی رہائشگاہ واقع C-53 گلشن اقبال بلاک 13-D.1 کیا جائے گا۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈاکٹر ادیب سلطانہ مرحومہ کے سوئم میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133 کے کارکن نعمان رفیق کے والد رفیق احمد ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆